نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ماہ ستمبر کے دوران کپاس کے ضرر رساں کیڑوں کے تدارک سے متعلق سفارشات جاری کردیں

لاہور 07 ستمبر 2023 ( )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق ستمبر کے مہینے میں کپاس کی فصل پر گرمی اور حبس بڑھنے سے ضرر رساں کیڑوں کے حملہ کے امکانات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔کپاس کے کاشتکار **سیاہ پاپیاری** کے حملہ کی صورت میں 300 گرام سلفر **یا** تھائیوفینیٹ میتھائل **یا** ڈائی فینا کونوزول فی ایکڑ استعمال کریں۔کپاس کے کاشتکار **سفید مکھی کے تدارک** کے لئے سپائیروٹیٹرامیٹ 24فیصد ایس سی بحساب 125ملی لٹر +ایڈجوئنٹ 250ملی لٹر یا پائیری فلوقینازون 20فیصد ڈبلیو جی بحساب 200 گرام فی ایکڑ یا فلونکامڈ 15فیصد + کلورفینا پائیر 18فیصد (33ڈبلیو ڈی جی) بحساب 275 گرام فی ایکڑ یا فلونکامڈ 12فیصد +ایبامیکٹن 3.6فیصد (15.6ڈبلیو ڈی جی) بحساب 350 گرام فی ایکڑ استعمال کریں۔ یاد رہے،ترجیحاً پہلا سپرے سفید مکھی کے بچوں کے خلاف کیا جائے جس کے لئے سپائیروٹیٹرامیٹ 24فیصد 125ملی لٹر فی ایکڑ بہتر ہے۔72 گھنٹوں کے بعد بائیوپیسٹی سائیڈ/نباتاتی محلول کا استعمال کیا جائے۔اگر ایک ہفتہ کے دوران سفید مکھی نقصان کی شرح (ای ٹی ایل) سے کم ہو جائے تو نباتاتی محلول کا استعمال جاری رکھیں ورنہ دوسرے زہر کے ساتھ اسی عمل کو دہرایا جائے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ ستمبر اور اکتوبر میں کپاس کی فصل پر **گلابی سنڈی کے حملہ** کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔روایتی اقسام میں گلابی سنڈی نظر آنے پر ہی سپرے کردیا جائے جبکہ تھری جین اقسام میں 100نرم ٹینڈوں میں سے پانچ پر گلابی سنڈی نظر آنے پر سپرے کریں۔گلابی سنڈی کے مؤثر کیمیائی تدارک کے لئے گیما سائی ہیلوتھرین 60سی ایس بحساب 100ملی لٹر فی ایکڑ یا کلورینٹرینی لیپرول 20فیصد ایس سی بحساب 50ملی لٹر فی ایکڑ یا سپفورام 120ایس سی بحساب 120ملی لٹر فی ایکڑ یا کلورینٹرینی لیپرول+بائی فینتھرین (24ایس سی) بحساب 100ملی لٹر فی ایکڑ یا ٹرائی ازوفاس+ڈیلٹا میتھرین (36ای سی) بحساب 700ملی لٹر فی ایکڑ یا کلورینٹرینی لیپرول+لیمبڈا سائی ہیلوتھرین بحساب 160ملی لٹر فی ایکڑ استعمال کریں۔اس کے علاوہ گلابی سنڈی کے بائیولوجیکل تدارک کے لئے ماس ٹریپنگ کے لئے 6تا8 جنسی پھندے فی ایکڑ لگائیں۔کپاس کے کاشتکار گلابی سنڈی کے مؤثر تدارک کے لئے ایک ہی گروپ کی زہروں کا بار بار سپرے نہ کریں۔**کپاس کی فصل پر ملی بگ کا حملہ** بھی کافی نقصان کا باعث بنتا ہے۔ملی بگ کے تدارک کے لئے کپاس کے کھیت میں ملی بگ سے متاثرہ پودوں کی نشان دہی کریں۔اگر حملہ ٹکڑیوں کی صورت میں ہو تو پوٹی تھیبی بگ چڑھا کر جڑ سے پودوں کو اکھاڑ دیں اور گڑھا کھود کر زمین میں دبا دیں۔ملی بگ کے کیمیائی تدارک کیلئے پروفینوفاس بحساب 800ملی لٹر فی ایکڑ یا میلاتھیان بحساب 500ملی لٹر فی ایکڑ استعمال کریں۔

☆☆☆☆